© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**فقہ الزکوٰۃ (حصہ اوّل)** از جناب ڈاکٹر یوسف القرضاوی ۔ اردو ترجمہ از ساجد الرحمٰن صدیقی۔
ناشر: البدر پبلی کیشنز ۔ ۲۳ راحت مارکیٹ ۔ اُردو بازار لاہور ۲ ۔ صفحات قریباً سوا تین سو۔
قیمت: -/۲۱ روپے

عربی زبان میں ڈاکٹر یوسف قرضاوی دینی موضوعات پر ایک صاحبِ اعتبار شخصیت ہیں ۔ اور سادہ زبان میں دلنشین طرزِ انشا کے ماہر ۔ ان کی مشہور کتاب فقہ الزکوٰۃ (دو ضخیم جلدیں) بڑی قبولیت رکھتی ہے ۔ یہ ایسی پہلی کامیاب کوشش ہے کہ زکوٰۃ کی حکمت کے ساتھ اس کا شرعی قانون اور قانون کے تحت تفصیلی فقہی ضابطے یکجا پیش کیے گئے ہیں ۔ اس کتاب کا ترجمہ ادارہ معارفِ اسلامی کراچی کے اہتمام سے ساجد الرحمٰن صدیقی کر رہے ہیں ۔ ترجمے کا حصہ اوّل سامنے ہے ۔ بقیہ کام تین مزید حصوں میں مکمل ہوگا۔ ترجمے کی باریکیوں کو جانچنا تو یہاں ممکن نہیں، فی الجملہ اچھا خاصا ہے ۔ اگرچہ سرورق موٹے آرٹ پیپر کا ہے ۔ یعنی پیپر بیک طرز پر، مگر پھر بھی -/۲۱ روپے غیر ناجائز قیمت ہے۔

---

**نورالدین محمود زنگی** تالیف جناب طالب ہاشمی ۔ ناشر: قومی کتب خانہ لاہور ۔ صفحات: ۳۳۲
پیپر بیک جلد مع رنگین گرد پوش ۔ قیمت: صرف -/۲۴ روپے ۔

جناب طالب ہاشمی آج ایک صاحبِ مقام مصنف ہیں ۔ انہوں نے اپنے ذمہ یہ فریضہ لیا ہے کہ وہ شجرۂ ملت کی کونپلوں کا تعلق جڑوں سے قائم رکھیں گے ۔ صحابہ اور صحابیات اور سلاطینِ عادل کے سوانحی حالات کے ساتھ وہ مؤرخانہ ذمہ داریاں بھی ادا کرتے ہیں ۔ مثلاً پیشِ نظر کتاب صرف ایک شخصیت کی سوانح عمری نہیں ہے ، بلکہ ایک دور کی تاریخ بھی ہے ۔ عباسی دور کا عروج و شکوہ اپنی جگہ ، لیکن اس دور میں ہماری "تاریخ" کے دریا میں پے در پے ایسے گرداب پڑے کہ کشتی کا بچ کر نکلنا مشکل ہوگیا ۔ عباسیوں

© rasailojaraid.com